خوشا مسجد و مدرسہ خانقاہے
که در وے بود قیل وقال محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عقیدہ کی اہمیت

تصنیف

فقیہ عصر حضرت مولانا مفتی محمد امین صاحب دامت برکاتہم العالیہ

ناشر:

تحریک تبلیغ الاسلام

مُفتی آباد، شاہکوٹ روڈ نزد کھڑیانوالہ فیصل آباد۔

نام کتاب **عقیدہ کی اہمیت**

مصنف فقیہ عصر حضرت مولانا
مفتی محمد امین صاحب دامت برکاتہم العالیہ

اشاعت دوم سنہ ۲۰۰۱ء

کمپوزنگ صبح نور کمپیوٹرز

ناشر مکتبہ صبح نور

تعداد

قیمت

نیز بزرگان دین کا ارشاد ہے:

الاحادیث مضلة الا الفقہا۔ ﴿اقامة القیامة﴾

اللہ تعالیٰ ہمیں ایسے لوگوں سے بچائے۔

(۲۱)

حضرت خواجہ نور محمد بدایونی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

عقیدہ اہلسنت وجماعت کو لازم پکڑو۔

﴿حالات مشائخ نقشبندیہ﴾

(۲۲)

قطب ربانی امام عبدالوہاب شعرانی قدس سرہٗ کا فرمان عالی

شان: المراد بالسواد الاعظم هم من كان اهل

السنة والجماعة ولو واحداً فاعلم ذالك۔

﴿میزان شریعت کبریٰ﴾

یعنی سواد اعظم سے اہلسنت وجماعت مراد ہیں خواہ وہ ایک

ہی ہو۔ اے عزیز اس کو جان لے۔

ظاہر ہے کہ جیسے جیسے قیامت قریب آتی جائے گی اہل حق

اہلسنت کم ہوتے جائینگے اور بدمذہب زیادہ ہوتے جائینگے جیسے کہ

ارشادگرامی: ثم لایزالون یخرجون۔

قیامت کے نزدیک بدعقیدہ لوگ زیادہ ہوتے جائینگے اس بات کو دیکھ کر کچھ لوگ بغلیں بجاتے ہیں کہ دیکھ لو ہم زیادہ ہیں لہٰذا سواداعظم ہم ہیں اس کے پیش نظر اس ولیوں کے ولی امام عبدالوہاب شعرانی قدس سرہٗ نے فرمایا: اہلسنت وجماعت ہی سواداعظم ہیں خواہ وہ ایک ہی رہ جائے۔

(۲۳)

خواجہ خواجگان خواجہ محمد بن سلیمان جزولی قدس سرہٗ کی دعا:

اللھم امتنا علی السنۃ والجماعۃ والشوق الی لقائك یاذالجلال والاکرام۔ ﴿دلائل الخیرات﴾

یا اللہ ہمیں اہلسنت وجماعت کے عقائد پر اور اپنے دربار حاضری کے شوق پر موت دے یاذوالجلال والاکرام۔

خواجہ خضر اور خواجہ الیاس نیز تمام اولیائے کرام مسلک